© rasailojaraid.com



۵ دسمبر کو بڈھ بیر پشاور میں دارالعلوم صدیقیہ ازی خیل اور دارالعلوم بڈھ بیر تشریف لے گئے جہاں مختلف اجتماعات سے خطاب فرمایا۔

## دارالعلوم حقانیہ کے وسیع ہال ''ایوان شریعت'' میں تقسیم انعامات کی تقریب

۸۔دسمبر: دارالعلوم میں تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ششماہی امتحان میں مختلف شعبوں اور درجات کے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو انعامات دیئے گئے۔اس موقع پر دارالعلوم حقانیہ سے منسلک تمام شعبوں درس نظامی، شعبہ حفظ وتجوید، فقہ افتاء اور حدیث کے سپیشلائزیشن (تخصص) شعبہ حقانیہ ہائی سکول شعبہ کمپیوٹر کے طلبہ موجود تھے۔تقریب سے نائب مہتمم مولانا انوارالحق اور دیگر اساتذہ نے بھی خطاب کیا۔

## تحفظ علماء و مدارس کنونشن لاہور میں شرکت

۱۸ دسمبر کو لاہور میں جمعیت علماء اسلام ضلع لاہور کے زیر اہتمام منعقدہ 'تحفظ علماء و مدارس کنونشن' سے خطاب کیا۔

## دورہ بہاولپور و جنوبی پنجاب

۲۵۔۲۶۔دسمبر: جمعیت علماء اسلام س پنجاب کی دعوت پر بہاولپور اور پنجاب کے جنوبی اضلاع کا دورہ کیا، جس میں تحفظ مدارس کنونشن میں ہزاروں کارکنوں سے خطاب فرمایا جبکہ اس کے بعد بہاولپور کے بڑے مدارس جامعہ نظامیہ، جامعہ عباسیہ، جامعہ علوم قدسیہ، جامعہ مدنیہ اور جامعہ عبداللہ ابن عباس میں طلبا کے اجتماعات سے خطاب بھی کیا۔

## ضلع صوابی و لاہور کا سفر

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما غازی ظہیرالدین بابر کے برخوردار عبداللہ بابر کے دعوت ولیمہ میں شرکت کے لئے لاہور تشریف لے گئے اسی طرح ضلع صوابی میں سابق وزیر تعلیم مولانا فضل علی حقانی کے فرزند مولانا محبوب احمد غازی و دیگر برادران کے دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔

## مسافران آخرت

حضرت مولانا انوار الحق صاحب کی خوشدامن صاحبہ کا گزشتہ دنوں جہانگیرہ میں انتقال ہوا۔مرحومہ ان کے ماموں زاد بھائی مولانا لطف الرحمٰن کی اہلیہ تھیں، مولانا لطف الرحمٰن نے حضرت شیخ الحدیثؒ کے ساتھ دارالعلوم دیوبند میں رہے تھے اور استفادہ کرتے رہے۔نماز جنازہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے پڑھایا اور کثیر تعداد میں علماء فضلا و سیاسی زعما نے شرکت کی۔

© rasailojaraid.com